© rasailojaraid.com



**سیرت منصور حلاج** | تالیف مولانا ظفر احمد عثمانیؒ ، ناشر : مکتبۂ دار العلوم کراچی ۱۴
عنوانات و ترتیب جدید مولانا حسین احمد نجیب ، صفحات ۲۷۸ ۔

چوتھی صدی ہجری کے مشہور عارف باللہ اور فنا فی اللہ بزرگ حسین ابن منصور حلاج ، "انا الحق" کی ذات گرامی سے عجیب و غریب روایتیں منسوب کی گئی تھیں ، حکیم الامت مولانا تھانویؒ نے ان روایات پر نگاہ تحقیق ڈالی تو حلاج کی شخصیت اور آزمائش کو سیدنا امام احمد بن حنبلؒ کے مماثل پایا اور تمام تاریخی مواد کو سامنے رکھ کر اپنے عزیز اور وقت کے جلیل القدر عالم مولانا ظفر احمد عثمانیؒ کو ترتیب سوانح کے کام پر مامور کیا ، یہ سوانح "القول المنصور فی ابن منصور" کے نام سے مرتب ہو کر شائع ہوئی اب اسے مکتبۂ دار العلوم کراچی نے بقدر ضرورت و مناسبت تقدیم و تاخیر کے ساتھ جدید پیراہن میں پیش کیا ہے ، عنوانات اور پیراگراف وغیرہ کے لحاظ سے اب کتاب جدید دور کے مطابق لائق استفادہ ہو گئی ہے ۔

**حج ایک نظر میں** | از الحاج ابوالخیر کریم گنج ضلع گیا ، بہار ۔ بھارت ۔ صفحات : ۱۳۲
قیمت چار روپے ۔ ——— مناسک حج و زیارت پر اپنے اپنے ذوق کے مطابق ہر دور میں کتابیں لکھی گئی ہیں ۔ پیش نظر کتاب ایک دیندار مسلمان کی کاوش کا نتیجہ ہے ۔ احکام و مناسک حج و آداب زیارت مدینہ کے علاوہ ہندوستانی عازمین حج کے لئے سفری ہدایات اور تفصیلات اور حصۂ چہارم میں مقامات مقدسہ کے نقشے اور خاکے بھی بڑی محنت سے تیار کئے گئے ہیں ، فی الجملہ کتاب حجاج و زائرین کے لئے کافی فائدہ مند ہے ۔

**الارشاد (مدنی نمبر)** | مرتب : مولانا قاضی زاہد الحسینی صاحب ۔ پتہ : ماہنامہ الارشاد کیمبل پور (اٹک)
صفحات ۹۸ ، قیمت : ۲۵/۱ روپیہ ۔ ماہنامہ الارشاد حضرت قاضی صاحب کی سرپرستی میں قرآن و حدیث کی آسان اور عام فہم اشاعت و فروغ میں نمایاں مقام رکھتا ہے ۔ پیش نظر شمارہ اسلامیان برصغیر کے مقتدر روحانی و ملی رہنما سیدنا الامام مولانا حسین احمد مدنی قدس سرہٗ کی ذات والاصفات کے تذکار جمیل پر مشتمل ہے ، شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہٗ ، مولانا عبدالقدوس پشاوری ، مولانا سعید احمد اکبر آبادی وغیرہ کے مضامین شریک اشاعت ہیں ، ہر چند کہ حضرت مدنیؒ کے عظیم کارنامے اور انکی جامع و عبقری شخصیت ہم سب سے ان کے شایان شان اور وسیع تعارف و اشاعت کی متقاضی ہے ۔ کہ مستقل اکیڈمیاں بھی اس راہ میں لگ جاتیں تو حق ادا نہ ہوتا مگر کچھ نہ ہونے کے مقابلہ میں پیش نظر شمارہ بھی غنیمت ہے ۔ اور ادارۂ الارشاد خانوادۂ مدنیؒ و قاسمیؒ کیطرف سے مستحق تبریک ہے ۔

**تبرکات** | حاجی امداد اللہ مہاجر مکیؒ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ کے بعض غیر مطبوعہ معلوماتی مکاتیب کا ایک مختصر مجموعہ ۔ مرتب کتاب نے اکابر و مشائخ کے مزید مکاتیب کی اشاعت و ترتیب کے عزم کا بھی اظہار کیا ہے کتاب مفتی الٰہی بخش اکیڈمی کاندھلہ (یوپی بھارت) اور مکتبہ رشیدیہ ۳۲ شاہ عالم مارکیٹ لاہور سے مل سکتی ہے ۔

© rasailojaraid.com